ناقتی واخی علی علی ناقة من نوق الجنة
الی ان قال واخی صالح علی ناقة الله التی عقرت
رواه مطولا الخطیب وذکر فیه اوصافا للبراق
وللناقة التی من نوق الجنة عن ابن عباس رض
مرفوعا قال ابن الجوزی موضوع وقال فی المیزان
آفته المتهم به عبد الجبار بن احمد بن عبد الله
السمسار وقد رواه الخطیب من طریق اخر فیها
مجاهیل **حدیث** اذا کان یوم القیمة نصب لی
منبر طوله ثلثون میلا ثم ینادی منادی من
بطنان العرش این محمد فاجیب فیقال لی ارق فاکون
اعلاه ثم ینادی الثانیة این علی فیکون دونی
بمرقاة فتعلم الخلائق ان محمدا سید المرسلین و
ان علیا سید المؤمنین فقام الیه رجل فقال
یا رسول الله من یبغض علیا بعد هذا فقال لا
یبغضه من قریش الا شقی ولا من الانصار الا
یهودی ولا من العرب الا دعی ولا من سائر الناس الا
شقی رواه الدارقطنی عن انس مرفوعا وفی اسناده
اسمعیل بن موسی وهو رافضی غالی وشیخه مجهول
والحدیث قال ابن الجوزی موضوع وقال فی المیزان
هذا خبر کذب **حدیث** یکسی یوم القیمة
ابراهیم ثوبین ابیضین ثم یقام عن یمین العرش
ثم ادعی فاکسی ثوبین اخضرین ثم اقام عن
یسار العرش ثم تدعی انت یا علی فتکسی ثوبین
اخضرین ثم تقام عن یمینی فما ترضی ان تدعی
اذا دعیت وتکسی اذا کسیت وان تشفع اذا

میری اونٹنی پر ہوگا اور میرا بھائی علی ایک اونٹنی پر جنت کی
اونٹنیون سے ہوگا تا کہ فرمایا میرا بھائی صالح اللہ تعالی کی اونٹنی پر ہوگا
وہ جو زخمی کی گئی تھی۔ اسکو خطیب نے مطولا بیان کیا ہے اور اسمین
صفات براق کے اور جنت کی اونٹنی کے ابن عباس سے مرفوعا
بیان کیے ہین۔ کہا ابن جوزی نے موضوع ہے اور کہا میزان
مین آفت اسکی عبد الجبار بن احمد بن عبد اللہ سمسار ہے اور
خطیب نے دوسرے طریق سے جسمین کئی مجہول ہین روایت کیا ہے
حدیث جب قیامت کا دن ہوگا میرے لیے منبر کھڑا کیا جائیگا
اوسکا طول تیس میل ہوگا پھر وسط عرش سے ایک آوازہ دینے والا آوازہ
دیگا۔ کہان ہے محمد مین اوسکو جواب دونگا مجھے کہا جائیگا اسکے اوپر
چڑھو مین اوسکے اعلی پر چڑھونگا۔ پھر دوسری مرتبہ آوازہ دیگا
کہان ہے علی وہ میرے قریب نیچے کی سیڑھی پر ہوگا پس خلقت جان لیگی
کہ محمد سید المرسلین ہے اور علی سید المومنین ہے۔ پھر ایک آدمی کھڑا ہوگا
اور کہا یا رسول اللہ جو شخص بعد اسکے علی سے بغض رکھے (اوسکا کیا
حال ہے) فرمایا نہ بغض رکھیگا اوس سے قریش سے مگر بدبخت اور نہ
انصار سے مگر یہودی اور نہ عرب سے مگر حرام زادہ اور نہ تمام لوگون سے مگر
بدبخت اسکو دارقطنی نے انس سے مرفوعا روایت کیا ہے اور اسکی اسناد
مین اسمعیل بن موسی ہے اور وہ رافضی غالی ہے اور شیخ اوسکا مجہول
ہے اور حدیث کو ابن جوزی نے کہا ہے موضوع ہے اور کہا میزان مین
یہ خبر کذب ہے **حدیث** قیامت کے دن ابراہیم دو کپڑے سفید پہنائے
جائینگے پھر داہنی طرف عرش کے کھڑا کیا جائیگا پھر مین بلایا جاؤنگا
اور دو کپڑے سبز پہنونگا پھر بائین طرف عرش کے کھڑا کیا جاؤنگا
پھر اے علی تو بلایا جائیگا تو بھی وہ کپڑے سبز پہنیگا پھر تو میری داہنی
طرف کھڑا کیا جائیگا کیا تو راضی نہین ہوتا کہ جب مین بلایا جاؤن
تو بھی بلایا جائے اور جب مین پہنایا جاؤن تو بھی پہنایا جائے اور جب مین شفاعت

شفعت رواه الدارقطني عن علي مرفوعا وفي
اسناده الحكم بن ظهير وميسرة بن حبيب وهما
كذابان والحديث موضوع ورواه الطبراني من غير
طريقهما قال الحافظ الهيثمي لا يصح حديث
مثلي مثل شجرة انا اصلها وعلي فرعها والحسن و
الحسين ثمرتها والشيعة ورقها فاي شيء يخرج
من الطيب الا الطيب رواه ابن مردويه عن علي
مرفوعا وفي اسناده عباد بن يعقوب وهو رافضي
والحديث اورده ابن الجوزي في موضوعاته ولم
يتعقبه صاحب اللآلي وفي لفظ انا الشجرة وفاطمة
فرعها وعلي لقاحها والحسن والحسين ثمرها وشيعتنا
اوراقها واصلها في جنة عدن وقد اخرج هذا
الحديث الحاكم في المستدرك وقال متن شاذ
وتعقب بان في اسناده من يكذب وان هذا الحديث
موضوع حديث انه صلى الله عليه وآله وسلم
قال لعلي انت وشيعتك في الجنة رواه الخطيب عن
علي مرفوعا وفي اسناده جميع بن عمر البصري وهو
وضاع حديث انه قال صلى الله تعالى عليه
وآله وسلم لعلي انت واصحابك في الجنة انت و
شيعتك في الجنة الا ان ممن يحبك قوما يصفون
الاسلام بالسنتهم يقرؤن القرآن لا يجاوز تراقيهم
لهم نبز يسمون الرافضة فاذا لقيتهم فجاهدهم
فانهم مشركون قالوا يا رسول الله ما علامة ذلك
قال يتركون الجمعة والجماعة ويطعنون في السلف
الاول رواه الخطيب عن ام سلمة مرفوعا وفي

تو بھی شفاعت کرے اسکو دارقطنی نے علی سے مرفوعا روایت
کیا ہے۔ اور اسکی اسناد مین الحکم بن ظہیر اور میسرہ بن جبیب ہین
وہ دونو کذاب ہین اور حدیث موضوع ہے
اور طبرانی نے غیر ان دو طرق سے روایت کیا ہے کہا حافظ
ہیثمی نے صحیح نہین ہے، حدیث میری مثال درخت کی ہے
مین اوسکا اصل ہون اور علی فرع اوسکی ہے اور حسن اور حسین
میوہ اوسکا ہے اور شیعہ پتے اوسکے ہین پس پاک ہی پاک شی نکلتی ہے
اسکو ابن مردویہ نے علی سے مرفوعا روایت کیا ہے اور اسکی اسناد
مین عباد بن یعقوب ہے اور وہ رافضی ہے اور حدیث کو ابن جوزی
موضوعات مین لایا ہے اور صاحب لآلی نے اسکا تعقب نہین کیا
اور ایک روایت مین ہے مین درخت ہون اور فاطمہ فرع اوسکی
ہے اور علی گابہ اوسکا ہے اور حسن اور حسین اوسکے پھل اور ہمارا شیعہ پتے اوسکے
ہین اور اصل اسکا جنت عدن مین ہے اور اس حدیث کو حاکم
مستدرک مین لایا ہے اور کہا متن شاذ ہے اور اسطرح تعقب کیا
گیا ہے کہ اسکی اسناد مین کذاب ہے اور یہ حدیث موضوع ہے حدیث
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے علی کو کہا تو اور تیرے گروہ جنت
مین ہے اسکو خطیب نے علی سے مرفوعا روایت کیا ہے اور اسکی اسناد
مین جمیع بن عمر البصری ہے اور وہ وضاع ہے حدیث رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے علی کو کہا تو اور تیرے اصحاب جنت مین ہین
اور تیرے گروہ جنت مین ہے مگر جو لوگ تجکو دوست رکھتے ہین ان مین سے ایک قوم
انکی اپنی زبان سے اسلام کی صفت کرتی ہے قرآن پڑھتی ہے حالانکہ
اونکے گلے سے نیچے نہین اترتا اونکا لقب ہے جس سے وہ بلائے جاتے ہین رافضی
جب تو اونسے ملاقات کرے اونسے جہاد کر اسلیے کہ مشرک ہین کہا
لوگون نے یا رسول اللہ انکی کہا فرمایا جمعہ اور جماعت ترک کرینگے
اور سلف کی عیب طعن کرتے ہین اسکو خطیب نے ام سلمہ سے مرفوعا روایت

اسنادہ سوار بن مصعب وہو متروک حدیث
ان ابا بکر قال لعلی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم یقول علی الصراط عقبۃ لا یجوز احد الا
بجواز من علی بن ابی طالب فقال علی سمعت رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یقول لی یا علی لا
تکتب جواز المن یسب ابابکر وعمر رواہ الخطیب وقال
موضوع من عمل القصاص حدیث اذا جمع
اللہ الاولین والاخرین یوم القیمۃ ونصب الصراط
لم یجز احد الا من کان معہ براۃ بولایۃ علی رواہ
الحاکم عن علی مرفوعا قال ابن الجوزی موضوع
وقال صاحب المیزان ہذا خبر باطل وروی الخطیب عن
ابن عباس قال قلت للنبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
یا رسول اللہ للنار جواز قال نعم قلت وما ہو
قال حب علی بن ابی طالب وفی اسنادہ محمد بن فارس
ابن حمدان العبدی قال ابو نعیم رافضی غال وقال
الخطیب ہذا حدیث باطل وفی المیزان ہذا
موضوع حدیث ان اللہ لما اراد ان یزوج
علیا فاطمۃ امر ملکا ان یہز شجرۃ طوبی فہزہا
فنثرت رقاقا یعنی صکاکا وانشا اللہ ملئکۃ
فالتقطوہا فاذا کانت القیمۃ ثارت ملئکۃ
فی الخلق فلا یرون محبا لنا اہل البیت محضا
الا دفعوا الیہ منہا کتابا براءۃ لہ من النار رواہ
الخطیب عن بلال مرفوعا وقال رجالہ کلہم مجہولون
حدیث اذا کان یوم القیمۃ قال اللہ لی ولعلی
ابن ابی طالب ادخلا الجنۃ من احبکما وادخلا النار

اسکی اسناد مین سوار بن مصعب ہی اور وہ متروک ہی حدیث
ابو بکر نے علی کو کہا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہی کہ فرماتے
تھے پل صراط پر ایک گہاٹی ہی اوس سے کوئی نہ گذریگا مگر وہ شخص وہ
شخص جسکے پاس علی کا پروانہ ہوگا کہا علی نے مینے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہی کہ فرماتے تھے ای علی پروانہ او شخص کو
لکھہ دینا جو ابوبکر اور عمر کو گالی نہ دے۔ اسکو خطیب نے روایت کیا ہے
اور کہا یہ قصہ خوانون کی بناوٹ ہی حدیث جب قیامت کے
دن اللہ تعالی پہلون اور پچھلون کو جمع کریگا اور پل صراط بچھایا
جائیگا اوس سے نہ گذریگا مگر وہ شخص جسکے پاس علی کی دوستی
کا پروانہ ہوگا۔ اسکو حاکم نے علی سے مرفوعا روایت کیا ہے
کہا ابن جوزی نے موضوع ہے اور کہا صاحب میزان نے یہ خبر باطل
ہے اور خطیب نے ابن عباس سے روایت کی ہی کہا اوسنے مینے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا یا رسول اللہ آگ کے لیے پروانہ ہی فرمایا
ہان مینے کہا وہ کیا ہی فرمایا محبت علی بن ابی طالب کی۔ اور اسکی
اسناد مین محمد بن فارس بن حمدان العبدی ہے کہا ابو نعیم نے
رافضی غالی ہی اور کہا خطیب نے یہ حدیث باطل ہی اور میزان
مین ہے کہ یہ موضوع ہی حدیث اللہ تعالی نے جب علی سے فاطمہ کے
نکاح کردینے کا ارادہ کیا ایک فرشتے کو حکم دیا کہ طوبی کا درخت
ہلائے اوسنے اوسکو ہلایا پس اوس سے ہنڈ گرے اللہ تعالی نے فرشتے پیدا
کیے انہون نے اونکو چن لیا جب قیامت کا دن ہوگا خلقت
مین فرشتے کہڑے ہونگے پس جو شخص خالص اہل بیت کا محب
دیکھینگے اوسکی طرف ان مین سے ایک کتاب آگ سے برات کی دفع
کرینگے اسکو خطیب نے بلال سے مرفوعا روایت کیا ہی اور کہا کل
راوی اسکے مجہول ہین حدیث جب قیامت کا دن ہوگا اللہ تعالی
مجہے اور علی کو کہیگا داخل کرو جنت مین اس شخص کو جو تمکو دوست

من البغضکما فذلك قوله تعالے القیا فی جہنم
کل کفار عنید فی اسنادہ یحیی بن عبد الحمید
الحمانی وھو کذاب و اسحق بن محمد بن ابان
النخعی وھو الواضع له **حدیث** من خیر
الناس بعدك قال ابو بکر قلت ثم من قال
عمر قالت فاطمة یا رسول الله لم تقل فی علی شیئا
فقال یا فاطمة علی کنفسی من رایته یقول
فی نفسه شیئا فی اسنادہ خالد بن اسمعیل و
ھو وضاع **حدیث** ان الله خلق الارواح
قبل الاجساد بالفی عام ثم جعلها تحت العرش
ثم امرھا بالطاعة لی فاول روح سلمت علی
روح علی رواہ الازدی عن علی مرفوعا و فی
اسنادہ عبد الله بن ایوب بن ابی علاج عن ابیه
وھما کذابان و اوردہ ابن الجوزی فی الموضوعات
حدیث اللھم ائتنی باحب الخلق الیك یاکل
معی ھذا الطیر قال فی المختصر له طرق کثیرة
کلھا ضعیفة وقد ذکرہ ابن الجوزی فی الموضوعات
واما الحاکم فاخرجه فی المستدرك وصححه و اعترض
علیه کثیر من اھل العلم ومن اراد استیفاء
البحث فلینظر ترجمة الحاکم فی النبلاء **قول**
علی غسلت النبی صلی الله علیه و اله وسلم
فشربت ماء محاجر عینیه فورثت علم الاولین و
الاخرین قال النووی لیس بصحیح **حدیث**
امرنا بقتال الناکثین و القاسطین و المارقین مع
علی فی اسنادہ متروکان و ھو من قول ابی ایوب و

جو تم سے بغض رکھتا تھا یہ آیت اسیطرف اشارہ کرتی ہی ڈالو تم
دونو جہنم مین ہر کافر سرکش کو) اسکی اسناد مین یحیی بن عبد الحمید الحمانی
ہے اور وہ کذاب ہی اور اسحق بن محمد بن ابان النخعی ہے اور
وہی اسکا واضع ہے **حدیث** آپکے بعد سب سے بہتر کون ہے
فرمایا ابو بکر مینے کہا بعد اوسکے کون فرمایا عمر کہا فاطمہ نے اے
رسول اللہ آپنے علی کے حقمین کچھہ نہین کہا فرمایا اے فاطمہ علی میرے
نفس کی مانند ہی کسکو تو نے دیکھا کہ اپنے نفس کے حقمین کچھ کہتا ہے اسکی
اسناد مین خالد بن اسمعیل ہے اور وہ وضاع ہی **حدیث** اللہ تعالے
نے روحون کو پہلے جسمون سے دو ہزار برس پیدا کیا ہی پہر اونکو نیچے
عرش کے کیا پہر اونکو میری اطاعت کا حکم دیا پس پہلی سب روحون
سے جس نے مجھے سلام کیا وہ علی کا روح ہے اسکو آزدی نے
علی سے مرفوعًا روایت کیا ہے اور اسکی اسناد مین عبد اللہ بن
ایوب بن ابی علاج اپنے باپ سے روایت کرتا ہے وہ دونون
کذاب ہین۔ اور ابن جوزی اسکو موضوعات مین لایا ہی **حدیث**
اے اللہ لا میرے پاس وہ شخص جو تمکو تمام خلقت سے زیادہ محبوب ہے
میرے ساتھہ یہ جانور کہائے کہا مختصر مین اسکے بہت طرق ہین سب
کے سب ضعیف ہین اور ابن جوزی نے اسکو موضوعات مین ذکر
کیا ہے۔ اور لیکن حاکم نے اسکو مستدرک مین نکالا ہی اور اسکی
تصحیح کی ہی اور اسپر بہت علم والون نے اعتراض کیے ہین اور جو شخص
پوری بحث کا ارادہ کرے تو نبلا مین ترجمہ حاکم کا دیکھے **قول**
علی کا مینے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کو غسل دیا اور اونکی دونو آنکہون
کے گہر کا پانی پیا پہر مین علم پہلون اور پچہلون کا دیا گیا۔ کہا نووی
نے صحیح نہین ہے **حدیث** ہمکو پہرنے والون اور ظالمون اور
خارجیون سے لڑنے کا حکم ہوا ہے اسکی اسناد مین
دو متروک ہین اور یہ قول ابی ایوب کا ہے اور

روی عن ابن مسعود وابی سعید حدیث
لن یموت هذا الا مقتولا یعنی علیا فی اسناده
متروکان حدیث لما عرج بی رایت مکتوبا
علی ساق العرش لا اله الا الله محمد رسول الله ایدته
بعلی نصرته بعلی قال فی الذیل هذا باطل و
اختلاق بین حدیث من احبنی فلیحب علیا
ومن ابغض علیا فقد ابغضنی ومن ابغضنی
فقد ابغض الله ومن ابغض الله ادخله النار
قال الخطیب موضوع حدیث ان الله لما اخذ
میثاق النبیین اخذ میثاقک وانت فی صلب
ادم فجعلک سید الانبیاء وجعل وصیک سید
الاوصیاء قال الدارقطنی موضوع حدیث
یا علی ان الله قد غفر لک ولذریتک ولوالدیک
ولاهلک ولشیعتک ولمحبی شیعتک فی اسناده
وضاع حدیث ان الله امرنی ان اتخذ ابا بکر
والدا وعمر مشیرا وعثمان سندا وانت یا علی
ظهیرا انتم اربعة قد اخذ الله لکم المیثاق فی ام
الکتاب لا یحبکم الا من هو تقی ولا یبغضکم الا
منافق مسیء انتم خلفاء نبوتی وعقد ذمتی
رواه الخطیب عن انس مرفوعا وقال منکر جدا
وفی اسناده مجهولان وقد اخرجه ابن عساکر من
طریق الدارقطنی عن عبد الله بن جحش مرفوعا و
ابو نعیم فی فضائل الصحابة حدیث ینادی
مناد یوم القیمة من تحت العرش این اصحاب
محمد فیؤتی بابی بکر وعمر وعثمان وعلی فیقال

ابن مسعود اور ابی سعید سے بھی مروی ہے حدیث نہ مریگا مگر شہید ہوکر
یعنے علی۔ اسکی اسناد مین دو متروک ہین حدیث
جب مجھے معراج ہوئی مینے ساق عرش پر یہ لکھا ہوا دیکھا نہین کوئی
لائق عبادت کی مگر اللہ محمد رسول اسکا ہے مینے اسکو علی سے مدد
دی اور علی سے اسکو تقویت دی۔ کہا ذیل مین یہ باطل ہے
اور بناوٹ اسکی ظاہر ہے حدیث جو شخص مجھے دوست رکھے
چاہیے کہ علی کو دوست رکھے۔ اور جسنے علی سے بغض رکھا اوسنے
میرے ساتھ بغض رکھا اور جس نے میرے ساتھ بغض رکھا اوسنے اللہ
تعالی کے ساتھ بغض رکھا اور جس نے اللہ تعالی سے بغض رکھا اسکو
اللہ تعالی آگ مین داخل کریگا کہا خطیب نے موضوع ہے حدیث
جب اللہ تعالی نے نبیون سے میثاق لیا تہا تجھسے بھی میثاق لیا حالانکہ تو
اوسوقت آدم کی پیٹھ مین تہا پس اللہ تعالی نے تجھے سردار نبیوں کا کیا اور تیرے
وصی کو وصیوں کا سردار کیا کہا دارقطنی نے موضوع ہے حدیث
اے علی اللہ تعالی نے تجھے اور تیری اولاد کو اور تیرے ماں باپ کو اور تیرے اہل کو
اور تیرے گروہ کو اور محبان تیرے گروہ کو بخشدیا ہے اسکی اسناد مین وضاع ہے
حدیث اللہ تعالی نے مجھے حکم دیا ہے کہ ابا بکر کو والد اور عمر کو مشیر اور
عثمان کو سند اور تجھکو اے علی پشت پناہ بناؤن تم چار ہو اللہ تعالی نے
قرآن مجید مین تمہارے لیے عہد لیا ہے تمکو نہ دوست رکھیگا مگر وہ شخص جو
متقی ہو اور تم سے بغض رکھیگا مگر جو منافق بد اخلاق ہو تم میری نبوت کے
خلیفہ اور عقد ذمہ ہو اسکو خطیب نے انس سے مرفوعا روایت کیا ہے اور کہا بہت
منکر ہے اور اسکی اسناد مین دو مجہول ہین اور اسکو ابن عساکر نے طریق
دارقطنی سے اوسنے عبد اللہ بن جحش سے مرفوعا اور ابو نعیم نے فضائل
صحابہ مین نکالا ہے حدیث قیامت کے دن عرش کے
نیچے سے آوازہ دینے والا آواز دیگا کہان ہین اصحاب
محمد کے پس ابو بکر اور عمر اور عثمان اور علی کو لایا جائے گا

لابی بکر قف علی باب الجنة فادخل من شئت
بعلم الله و یقال ثم قف علی المیزان فثقل من
شئت برحمة الله وخفف من شئت بعلم الله و
یکسی عثمان حلتین فیقال له البسهما فانی
خلقتهما و ادخرتهما لک حین انشات خلق
السموٰت والارض و یعطی علی بن ابی طالب عصی من
عوسج الشجرة التی غرسها الله بیده فی الجنة فیقال
ذد الناس عن الحوض رواه ابو بکر الشافعی فی
الغیلانیات عن ابن عباس مرفوعا وفی اسناده
اصبغ بن الفرج والیسع بن محمد وقد اورده ابن
الجوزی فی الموضوعات وله طرق ذکرها صاحب اللآلی
حدیث ابو بکر وزیری والقائم بامر امتی من
بعدی وعمر حبیبی ینطق علی لسانی وانا من عثمان
وعثمان منی وعلی اخی وصاحب لوائی رواه
ابن عدی وابن حبان عن جابر مرفوعا وفی اسناده
کادح بن رحمة والحسن بن ابی جعفر وهما متروکان
والحدیث موضوع وقد اخرجه ابو نعیم فی فضائل
الصحابة وابن النجار والخطیب و آخرون **حدیث**
سب صحابی ذنب لا یغفر قال ابن تیمیة موضوع
حدیث اذا استقر اهل الجنة فی الجنة
قالت الجنة یا رب الیس وعدتنی ان تزیننی برکنین
من ارکانک قال اولم ازینک بالحسن والحسین
فماست الجنة میسا کما تمیس العروس رواه
الطبرانی عن عقبة بن عامر مرفوعا وفی اسناده
حمید بن علی البجلی ولیس بشیء ورشدین بن

پہر ابو بکر کو کہا جائیگا جنت کے دروازے پر ٹہیرو اور اللہ کی رحمت سے
جسکو چاہو داخل کرو اور اللہ کے علم سے جسکو چاہو چہوڑو اور عمر کو کہا
جائیگا میزان پر ٹہیرو اور اللہ تعالی کی رحمت سے جسکے لیے چاہو اوسکو گران
کرو اور اللہ کے علم سے جسکے لیے چاہو ہلکا کرو۔ اور عثمان کو کپڑے پہنایا جائیگا
اوسکو کہا جائیگا ان دونوکو پہنے انکو اوس وقت سے پیدا کیا ہے جس
وقت آسمان و زمین پیدا کیے تہے اور تیرے لیے رکہہ چہوڑی تہی اور علی بن ابی طالب
کو ایک عصا درخت عوسج سے جسکو اللہ تعالی نے جنت مین اپنے ہاتہ سے
بویا ہے دیا جائیگا اور اوسکو کہا جائیگا حوض سے آدمیون کو دور کر اسکو
ابو بکر شافعی نے غیلانیات مین ابن عباس سے مرفوعا روایت کیا ہے
اور اسکی اسناد مین اصبغ بن الفرج اور الیسع بن محمد ہے اور اسکو ابن
جوزی نے موضوعات مین لایا ہے اور اسکے لیے بہت طرق ہین اسکو صاحب
لآلی نے ذکر کیا ہے **حدیث** ابو بکر میرا وزیر ہے اور میرے بعد میری امت
کے امر کا قائم رکہنے والا ہے اور عمر میرا حبیب ہے میری زبان پر بولتا ہے اور
مین عثمان سے ہون اور عثمان مجہسے اور علی میرا بہائی ہے اور صاحب جہنڈے
کا ہے۔ اسکو ابن عدی اور ابن حبان نے جابر سے مرفوعا روایت کیا ہے
اور اسکی اسناد مین کادح بن رحمہ اور حسن بن ابی جعفر ہین وہ دونو متروک ہین
اور حدیث موضوع ہے اور اسکو ابو نعیم نے فضائل صحابہ مین اور
ابن النجار اور خطیب وغیرہ نے روایت کیا ہے **حدیث** میرے
اصحابون کو گالی دینا ایسا گناہ ہے کہ بخشا نہین جاتا کہا ابن تیمیہ نے
موضوع ہے **حدیث** جب جنت والے جنت مین قرار پکڑینگے بہشت
کہیگا اے میرے رب کیا تو نے میرے ساتہہ وعدہ نہین کیا کہ مجہے اپنے رکنو
سے دو رکنون کے ساتہہ زینت دیگا فرمایگا کیا تجہکو مین نے حسن اور حسین
سے زینت نہین دی پس جنت بہت خوش ہوگی جیسے دلہن خوش
ہوتی ہے اسکو طبرانی نے عقبہ بن عامر سے مرفوعا روایت کیا ہے اور اسکی
اسناد مین حمید بن علی البجلی ہے اور وہ کچہہ شی نہین ہے اور رشدین بن

سعد فی قد کذبوہ واورد هذا الحدیث ابن
الجوزی فی الموضوعات وتعقبه فی اللآلی بان ابن شندین
کان من حفاظ الحدیث وانکر علیه اشیاء وهو
همن یکتب حدیثه مع ضعفه وقد رواه الازدی
باسناد فیه کذابان ورواه ابن حبان وفی اسناده
الحسن بن صابر قال فی المیزان فی ترجمته هذا
الحدیث کذب **حدیث** کنت عند النبی صلی
الله علیه واله وسلم وعلی فخذه الایسر ابنه
ابرهیم وعلی فخذه الایمن الحسین بن علی تقبل
هذا تارة وتارة تقبل هذا فهبط جبریل و
قال یا محمد ان ربك یقرأ علیك السلام و
یقول لك لست اجمعهما لك فافد احدهما بصاحبه
ثم یا جبریل فدیت الحسن بابرهیم رواه الخطیب
عن ابن عباس مرفوعا قال الدارقطنی الحدیث
باطل **حدیث** اوحی الله الی النبی صلی الله علیه
واله وسلم انی قد قتلت بیحیی بن زکریا سبعین
الفا وانی قاتل بابنك سبعین الفا وسبعین
الفا قال ابن حبان لا اصل له وفی اسناده محمد بن
شداد ضعیف جدا وقد تابعه القسم بن ابرهیم
الکوفی وهو منکر الحدیث قال فی اللآلی اخرجه
الحاکم فی المستدرك من طریق ثقة انفس عن
ابی نعیم وقال صحیح ووافقه الذهبی فی تلخیصه و
قال انه علی شرط مسلم **حدیث** جابر قال
رایت رسول الله صلی الله علیه واله وسلم وهو
یفحج مابین فخذی الحسین ویقبل زبیبته و

سعد اسکی لوگون نے تکذیب کی ہے اور ابن جوزی اس حدیث کو
موضوعات مین لایا ہی اور لآلی مین اسطرح اسکا تعقب کیا ہی کہ ابن شندین
حفاظ حدیث سے تہا اور اسپر کچہہ اشیاء اسکے منکر ہونے کے لکہی ہین
اور یہ شخص باوجود ضعف کے لوگون سے ہی جنکی حدیث لکہی جاتی ہی اور
اسکو ازدی نے ایسی اسناد سے روایت کیا ہی جسمین دو کذاب ہین اور
ابن حبان نے روایت کیا ہی اور اسکی اسناد مین الحسن بن صابر ہی کہا
میزان مین اس حدیث کو ترجمہ مین کذب ہی **حدیث** مین نبی
صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا اونکی بائین جانب آپکا بیٹا ابراہیم تہا اور
داہنی پر حسین بن علی تہا کبہی اسکا منہ چومتے کبہی اوسکا چومتے
اتنے مین جبرئیل علیہ السلام اترے اور کہا ای محمد ربتیرا تجہکو سلام
کہتا ہی اور کہتا ہی مین دونون کو تیرے پاس رہنے دونگا ایک کو دوسرے
صاحب کے بدلے قربان کر دے آنحضرت نے کہا مین حسن کے بدلے ابراہیم کو قربان
کرتا ہون - اسکو خطیب نے ابن عباس سے مرفوعا روایت کیا ہی کہا
دارقطنی نے یہ حدیث باطل ہی **حدیث** اللہ تعالے نے نبی صلی
اللہ علیہ وسلم کی طرف وحی کیا ہے کہ مینے یحیے بن زکریا
کے بدلے ستر ہزار قتل کیے ہین اور تیرے بیٹے کے
بدلے ستر ہزار اور ستر ہزار قتل کرونگا - کہا ابن حبان نے اسکا کچہ
اصل نہین ہے اور اسکی اسناد مین محمد بن شداد ہی جو بہت ضعیف
ہے - اور قاسم بن ابراہیم الکوفی اسکا تابع ہوا ہے اور وہ منکر
الحدیث ہی کہا لآلی مین اسکو حاکم نے مستدرک مین طریق جید
نفسون سے ابو نعیم سے نکالا ہے - اور کہا صحیح ہے اور
ذہبی تلخیص مین موافق اسی کے ہوا ہے اور کہا یہ
شرط مسلم پر ہے - **حدیث** جابر کی مینے
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکہا کہ حسین کی دونون رانون
مین فراخی کرتے تھے اور اوسکے گھنٹی چومتے تھے اور

يقول لعن الله قاتلك قال فقلت من قاتله
قال رجل من امتى يبغض عترتى ولا تناله شفاعتى
الخ رواه الخطيب وقال موضوع اسنادا ومتنا
حديث ان الله امر النبى صلى الله عليه وآله
وسلم ان ياكل من طبق جاءبه اليه جبريل
من رطب الجنة وامره ان يواقع خديجة فحملت
بفاطمة رواه ابو بكر الشافعى عن عمر بن الخطاب
مرفوعا قال ابن الجوزى موضوع وفى اسناده
وضاع هو عمرو بن زياد وقال فى الميزان انه
واضعه وقال ابن حجر فى اللسان ذكره ابن حبان
فى الثقات انتهى والحديث لاشك انه موضوع
كذب ففاطمة ولدت قبل النبوة **حديث**
ان فاطمة وعلى فى خطيرة القدس فى قبة
بيضاء سقفها عرش الرحمن وهو موضوع وقد
رواه الطبرانى **حديث** لما اسرى بى الى السماء
ادخلنى جبريل الجنة فناولنى تفاحة فاكلتها
فصارت نطفة فى صلبى فلما نزلت واقعت
خديجة ففاطمة من تلك النطفة رواه الخطيب عن
عائشة مرفوعا وفى اسناده محمد بن الجليل مجهول
وقال ابن الجوزى كذاب يضع وفاطمة
ولدت قبل النبوة بخمس سنين وقال فى الميزان
موضوع انتهى وقد ورد هذا الكذب من
طرق لا ينبغى الالتفات اليها والعجب من الحاكم
حيث يروى فى المستدرك نحو هذا وجعل مكان
التفاحة سفرجلة ولكنه قال بعد اخراجه

فرماتے لعنت کرے اللہ تعالیٰ تیرے قاتل پر کہا (راوی نے) مینے
کہا اسکا کون قاتل ہی فرمایا ایک شخص میری امت سے میری اولاد سے
بغض رکھتا ہی اوسکو میری شفاعت نہ پہونچیگی الخ اسکو خطیب نے
روایت کیا ہی اور کہا اسناداً و متناً موضوع ہی **حدیث** اللہ تعالیٰ نے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک طشت سے کہانیکا حکم دیا جبرائیل آپکی طرف
کہجورین جنت سے لایا تہا اور حکم دیا کہ خدیجہ سے جماع کرین پس انکو فاطمہ
کا حمل ہوا اسکو ابو بکر شافعی نے عمر بن الخطاب سے مرفوعاً روایت کیا
کہا ابن جوزی نے موضوع ہے اور اسکی اسناد مین عمرو بن زیاد وضاع
ہے اور کہا میزان مین بھی اسکا واضع ہے اور کہا ابن حجر نے لسان
مین اسکو ابن حبان نے ثقات مین ذکر کیا ہے انتہے اور حدیث
مین شک نہین کہ یہ موضوع کذب ہی اسلیے کہ فاطمہ نبوۃ سے پہلے
پیدا ہوئی ہے **حدیث** فاطمہ اور علی پاک حجرہ مین سفید خیمون
سے ہین چہت انکا عرش رحمن کا ہے یہ موضوع ہے۔ اور اسکو
طبرانی نے بھی روایت کیا ہے **حدیث** جب مجھکو آسمان
کیطرف سیر کرایا گیا مجھے جبرائیل نے جنت مین داخل کیا پہر
مجھے ایک سیب پکڑایا مینے اوسکو کہایا پس وہ نطفہ میری
پیٹھ مین ہوگیا جب مین اترا خدیجہ سے جماع کیا پس فاطمہ اسی
نطفہ سے پیدا ہوئی ہی اسکو خطیب نے عائشہ سے مرفوعاً روایت کیا
ہے اور اسکی اسناد مین محمد بن الجلیل مجہول ہی اور کہا ابن جوزی
نے کذاب وضاع ہے اور فاطمہ پانچ برس پہلے نبوۃ سے پیدا ہوئی
ہے اور کہا میزان مین موضوع ہے انتہے اور یہ کذب ایسے
طرق سے وارد ہوا ہے کہ اونکی طرف التفات کرنی لائق نہین
ہے۔ اور حاکم سے بڑا تعجب ہی کہ اسکی مثل مستدرک
مین لایا ہے۔ اور مکان سیب کے بہی کے میوے کا نطفہ
لایا ہے۔ لیکن بعد لانے اس حدیث کے اوسنے کہا ہے

حدیث غریب وفیه شهاب بن حرب مجهول و
قال الذهبی فی تلخیص المستدرک هذا کذب جلی
و قال ابن حجر فاطمة ولدت قبل لیلة الاسرا
بالاجماع وقال الذهبی فی التلخیص فاطمة ولدت
قبل النبوة فضلا عن الاسرا حدیث ان الله
لما خلق ادم وحوی تبخترا فی الجنة وقالا ما
خلق الله خلقا احسن منا فبینما هما کذلک
اذ هما بصورة جاریة لم یر الراؤن احسن منها
لها نور شعشانی تکاد یطفی الابصار علی راسها
تاج وفی اذنیها قرطان فقالا یا رب ما هذه
الجاریة فقال صورة فاطمة بنت محمد سید ولدک
فقال ما هذا التاج علی راسها قال بعلها
علی بن ابی طالب قالا فما هذا القرطان قال
ابناها الحسن والحسین وجد ذلک فی غامض علمی
قبل ان اخلقک بالفی عام رواه جابر مرفوعا
وهو موضوع حدیث ان الله امرنی ان
ازوج فاطمة من علی ففعلت فقال لی جبریل
ان الله قد بنا جنة من لؤلؤ الخ رواه العقیلی
عن ابن مسعود مرفوعا مطولا وقال وضعه
عبد النور المسمعی حدیث یا علی ان الله زوجک
فاطمة وجعل صداقها الارض فمن مشی علیها
مبغضا لک یمشی حراما هو موضوع حدیث
ان الله امرنی ان ازوج فاطمة من علی الخ رواه
الخطیب مطولا عن انس مرفوعا وهو موضوع
وضعه محمد بن دینار العوفی حدیث

کہ یہ غریب ہے اور شہاب بن حرب مجہول ہے اور کہا ذہبی نے
تلخیص المستدرک مین یہ ظاہر کذب ہے اور کہا ابن حجر نے فاطمہ
بالاجماع معراج کی رات سے پہلے پیدا ہوئی ہے اور کہا ذہبی نے
تلخیص مین فاطمہ نبوت سے پہلے پیدا ہوئی ہے چہ جائیکہ معراجکی رات
سے پہلے نہ ہو حدیث جب اللہ تعالی نے آدم اور حوا کو پیدا کیا
تو دونو جنت مین چلے اور کہا دونون نے کوئی پیدایش اللہ تعالی کی
ہمسے اچہی نہین پیدا کی وہ اسی حالت مین تہے کہ ایک لڑکی
کی صورت پر گذرے کسی دیکہنے والے نے اوسکی مثل نہین دیکہی
اوسکا نور چمک ہے قریب ہے کہ آنکہون کو چہٹ لیجائے اوسکے سر پر
تاج ہے اور دونون کانون مین دو بالیان ہین کہا ان دونون نے
ای رب یہ لڑکی کون ہے فرمایا یہ صورت فاطمہ بیٹی محمد کی ہے جو تیری اولاد
سے سردار ہوگا پہر کہا دونون نے یہ تاج اسکے سر پر کیسا ہے فرمایا خاوند
اسکا علی بن ابی طالب ہے پہر کہا دونون نے یہ بالیان کیا ہین فرمایا
دونون بیٹے اسکے حسن اور حسین ہین اور تہا یہ امر تیری پیدا
کرنے سے پہلے دو ہزار برس میرے علم مین چہپا ہوا تہا اسکو جابر نے
مرفوعا روایت کیا ہے اور یہ موضوع ہے حدیث اللہ تعالی نے مجہکو حکم
دیا ہے کہ فاطمہ کا نکاح علی سے کر دون پس مین نے کر دیا جبرائیل نے مجہے کہا
اللہ تعالی نے جنت کو موتیون سے آراستہ کیا ہے الخ اسکو عقیلی نے
ابن مسعود سے مرفوعا مطولا روایت کیا ہے اور کہا اسکو عبد النور المسمعی نے
بنایا ہے حدیث ای علی تجہے اللہ تعالی نے فاطمہ کا نکاح
کر دیا ہے اور مہر اوسکا زمین مقرر کیا ہے پس جو شخص زمین پر
تیرے بغض مین چلیگا وہ حرام چلے گا موضوع ہے حدیث
اللہ تعالی نے فاطمہ کے نکاح کرنیکا علی سے حکم دیا ہے الخ اسکو خطیب نے
مطولا انس سے مرفوعا روایت کیا ہے اور یہ موضوع ہے
محمد بن دینار العوفی نے اسکو بنایا ہے حدیث

خطب النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم حین زوج
فاطمۃ بعلی فقال الحمد للہ المحمود بنعمتہ المعبود
بقدرتہ الخ رواہ ابن ناصر مطولا وھو موضوع
وضعہ محمد بن دینار العوفی **حدیث** ان جبریل
خطب فی السماء فزوج فاطمۃ من علی ثم امر اللہ
شجر الجنان فحملت من الحلی و الحلل ثم امرھا
فنثرتہ علی الملئکۃ فمن اخذ منھم یومئذ
شیئا اکثر مما اخذ غیرہ افتخر بہ الی یوم القیمۃ
وھو موضوع والمتھم بہ رجلان وضاعان
فی اسنادہ وقال فی المیزان ھذا الحدیث کذب
وقال ابن الجوزی انہ موضوع **حدیث** لما زفت
فاطمۃ رضی اللہ عنھا الی علی کان النبی صلی اللہ
علیہ و آلہ وسلم امامھا وجبریل عن یمینھا و
میکائیل عن یسارھا وسبعون الف ملک
خلفھا یسبحون اللہ و یقدسونہ حتی طلع الفجر
رواہ الخطیب عن ابن عباس مرفوعا وفی
اسنادہ کذاب وھو عبد الرحمن بن محمد بن اخت
عبد الرزاق وقال ابن الجوزی موضوع وقال
فی المیزان ھذا کذب صراح **حدیث**
ان اسماء بنت عمیس قالت یا رسول اللہ خطب
الیک فاطمۃ ذو و الانساب و الاموال فی قریش
فلم تزوجھم و زوجتھا ھذا الغلام وذکر قصۃ
وفیھا ان جبریل و میکائیل و اسرافیل و جمیع
من الملئکۃ نزلوا الزفافھا رواہ الاجری قال
ابن الجوزی موضوع وقال فی المیزان کذب

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جب فاطمہ کا نکاح علی سے کیا یہ خطبہ پڑھا
سب حمد واسطے اللہ کے جو محمود ہے ساتھہ نعمت اپنی کے معبود ہے ساتھہ
قدرت اپنی کے الخ ابن ناصر نے اسکو بڑے طول سے ذکر کیا ہی اور یہ
موضوع ہے محمد بن دینار عوفی نے اسکو بنایا ہی **حدیث** جبرائیل
نے آسمان مین خطبہ پڑھا اور فاطمہ کا علی سے نکاح کر دیا پہر اللہ تعالی
نے جنت کی درختون کو حکم دیا وہ زیور اور لباس سے آراستہ ہوئے پہر اللہ تعالی
نے اونکو حکم دیا اونہون نے فرشتون پر پراگندہ کر دیا پس جسنے اوس دن
کوئی شے زیادہ لی وہ قیامت تک دوسرون پر فخر کریگا یہ موضوع
ہے اور متہم ساتھہ اسکے دو آدمی وضاع اسکی اسناد مین ہین اور
کہا میزان مین یہ حدیث کذب ہی اور کہا ابن جوزی نے یہ موضوع
ہے **حدیث** جب فاطمہ زفاف کی رات مین علی کیطرف
بھیجی گئی نبی صلے اللہ علیہ وسلم اوسکے آگے تھے۔ اور جبرائیل
داہنی طرف اور میکائیل اوسکی بائین طرف اور ستر ہزار فرشتے
اوسکے پیچھے اللہ تعالی کی تسبیح اور پاکی بیان کرتے تھے تا کہ فجر
ہوگئی اسکو خطیب نے ابن عباس سے مرفوعاً روایت کیا ہی اور
اسکی اسناد مین کذاب ہی اور وہ عبد الرحمان بن محمد بن بہن
عبد الرزاق ہی اور کہا ابن جوزی نے موضوع ہے اور کہا
میزان مین یہ کذب صریح ہے **حدیث** اسما بنت
عمیس نے کہا یا رسول اللہ آپ کی طرف فاطمہ کے خطبہ کی
بابت لوگ عالی نسب والے اور مال دارون نے کہا تہا
اونکو آپنے نکاح نہین کر دیا۔ اور اس لڑکے کو آپنے
نکاح کر دیا ہے اور قصہ ذکر کیا اور اسی مین ہے کہ جبرائیل
اور میکائیل اور اسرافیل۔ اور تمام فرشتے اسکے زفاف کی
واسطے نازل ہوئے ہین اسکو اجری نے روایت کیا ہے
کہا ابن جوزی نے موضوع ہے اور کہا میزان مین کذب ہے

حدیث ابنتی فاطمة حوراء آدمیة لم تحض ولم تطمث وانما سماها فاطمة لان الله فطمها ومحبیها من النار رواه الخطیب عن ابن عباس مرفوعا وفی روایة اخری عن ابی هریرة ان الله فطم محبیها عن النار وفی اسناد الاول احمد بن جمیع الغسانی وفی اسناد الثانی محمد بن زکریا العلائی وهو واضعه والحدیث ذکره ابن الجوزی فی الموضوعات **حدیث** ان فاطمة احصنت فرجها فحرمها وذریتها علی النار رواه ابن عدی عن ابن مسعود مرفوعا وفی اسناده عمر بن غیاث من شیوخ الشیعة وقد ضعفه الدارقطنی وقد حمل علی اولادها اعنی الحسنین کما قال محمد بن علی بن موسی الرضی وقال ابو کریب هذا للحسن والحسین ولمن اطاع الله منهم وقال العقیلی فی هذا الحدیث نظر واخرجه الحاکم فی المستدرک من طریق عمر المذکور وقال صحیح وتعقبه الذهبی فقال بل ضعیف تفرد به معویة بن هشام وفیه ضعف عن عمر بن غیاث وهو واه بمرة واخرجه ابن شاهین وابن عساکر من طریق اخر وفیهما رافضی ورواه المهروانی عن حذیفة بن الیمان قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم ان فاطمة احصنت فرجها فحرمها الله وذریتها علی النار ورواه الخطیب ایضا من طریق ابی نعیم بلفظ انها احصنت فرجها فحرم ذریتها علی النار وللحدیث شاهد اخرجه الطبرانی عن ابن عباس

حدیث بیٹی میری فاطمہ سیاہ چشم اور گندم گون ہی اوسکو حیض اور نفاس نہین آیا نام اوسکا فاطمہ اسلیے رکھا ہے کہ اللہ تعالی نے اوسکو اور اوسکے محب کو آگ سی چھوڑا ہی اسکو خطیب نے ابن عباس سے مرفوعا روایت کیا ہی اور دوسری روایت مین ابی ہریرہ سی ہے اللہ تعالی نے اوسکے محب کو آگ سی چھوڑا ہی اور پہلی اسناد مین احمد بن جمیع الغسانی ہی اور دوسری اسناد مین محمد بن زکریا العلائی ہے اور یہی واضع اسکا ہی اور حدیث کو ابن جوزی نے موضوعات مین ذکر کیا ہی **حدیث** فاطمہ نے اپنی فرج کو نگاہ رکھا ہی (اللہ نے) اوسکو اور اوسکی اولاد کو آگ پر حرام کر دیا ہی اسکو ابن عدی نے ابن مسعود سے مرفوعا روایت کیا ہی اور اسکی اسناد مین عمرو بن غیاث شیعونکا شیخ ہی اور اسکو دارقطنی نے ضعیف کیا ہے اور اسکو اوسکی اولاد پر ہی حمل کیا ہے یعنی حسنین پر جیسا کہ محمد بن علی بن موسی الرضی نے کہا ہی اور کہا ابو کریب نے یہ حسن اور حسین کیلیے ہی اور جو اونسے اللہ تعالی کی اطاعت کرے۔ اور کہا عقیلی نے اس حدیث مین نظر ہی اور حاکم نے مستدرک مین طریق عمر مذکور سے نکالا ہے اور کہا صحیح ہی اور ذہبی نے اسکا تعقب کیا ہی اور کہا ہی بلکہ یہ ضعیف ہے معویہ بن ہشام عمر بن غیاث سے ساتھ اسکے متفرد ہوا ہے پہلا ضعیف ہے اور دوسرا واہی ہے اور ابن شاہین اور ابن عساکر نے دوسرے طریق سے روایت کیا ہی ان مین رافضی ہے اور مہروانی نے حذیفہ بن الیمان سے روایت کی ہی کہا اونہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فاطمہ نے اپنا فرج نگاہ رکھا ہی پس اللہ تعالی نے اوسکو اور اوسکی اولاد کو آگ پر حرام کیا ہے۔ اور خطیب نے بھی طریق ابی نعیم سے ساتھ ان الفاظ کو روایت کیا ہے اوس نے اپنا فرج نگاہ رکھا ہے پس اوسکی اولاد آگ پر حرام کی گئی ہے اور حدیث کیلیے شاہد ہے اسکو طبرانی ابن عباس سے لایا

قال قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم
لفاطمة ان الله غیر معذبک ولا ولدک
حدیث ان فاطمة تتعلق بقائمة من قوائم
العرش وعلیها ثیاب مصبوغة ویقول احکم
بینی وبین قاتل ولدی قال فی المیزان باطل
وقال ابن الجوزی موضوع **حدیث**
اذا کان یوم القیمة نادی مناد من وراء الحجاب
یا اهل الجمع غضوا ابصارکم عن فاطمة بنت
محمد حتی تمر فی اسناده العباس بن الولید بن
بکار العتبی کذبه الدارقطنی و اخرجه الحاکم
فی المستدرک من طریقه وقال صحیح علی شرط
الشیخین الا ان العباس لم یخرجا له ورواه
باسناد اخر من طریقه وقال صحیح الاسناد و تعقبه
الذهبی ولم یتعقبه ابن حجر فی الاطراف وله طرق
کثیرة **حدیث** ان ابن عباس قال سالت النبی
صلی الله علیہ و آلہ وسلم عن الکلمات التی تلقاها
ادم من ربه قال سال بحق محمد وعلی و فاطمة
والحسن والحسین الا تبت علی فتیب علیه قال
الدارقطنی تفرد به عمرو بن ثابت و قد قال یحیی انه
لا ثقة ولا مامون وقال ابن حبان یروی الموضوعات
حدیث ان النبی صلی الله علیہ و آلہ وسلم سجد
خمس سجدات لیس فیهن رکوع قال اتانی
جبریل فقال ان الله یحب فاطمة فسجدت ثم رفعت
راسی ثم اتانی فقال الله یحب فاطمة فسجدت
ثم اتانی فقال ان الله یحب فاطمة فسجدت ثم

کہا اونے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فاطمہ کو اللہ
تعالے تجھکو اور تیری اولاد کو عذاب نہ دیگا **حدیث** فاطمہ
عرش کی پاؤن سے ایک کے ساتھ لٹکے گی اور اوپر رنگ والے کپڑے
ہونگے اور کہیگی درمیان میرے اور درمیان میری اولاد کے قاتلون
کے حکم کر۔ کہا میزان مین باطل ہی۔ اور کہا ابن جوزی نے
موضوع ہے **حدیث** جب قیامت کا دن ہوگا پردہ کے پیچھے ایک
آوازہ کرنیوالا آواز کریگا۔ ای اہل جمع اپنی آنکھیں فاطمہ بنت محمد
سے بند کرلو تاکہ وہ گذر ہی۔ اسکی اسناد مین عباس بن الولید
بن بکار العینی ہے اسکی دارقطنی نے تکذیب کی ہی اور حاکم
نے مستدرک مین اسی طریق سے روایت کی ہی۔ اور کہا
شیخین کی شرط پر صحیح ہے مگر یہ کہ عباس کو وہ دونو نہین لائے
اور اونے دوسری اسناد سے اوسکے طریق سی روایت
کی ہی۔ اور کہا صحیح الاسناد ہی۔ اور ذہبی نے اسکا تعقب کیا ہی
اور ابن حجر نے اطراف مین اسکا تعقب نہین کیا اور اسکیلیے
بہت طرق ہین **حدیث** ابن عباس نے کہا مینے نبی صلی اللہ علیہ
وسلم سے وہ کلمے پوچھے جو آدم علیہ السلام نے اپنے رب سے سیکھے تھے فرمایا
سوال کیا اونے ساتھ حق محمد اور علی اور فاطمہ اور حسن اور حسین
کے ضرور تو میری توبہ قبول کر پس اوسکی توبہ قبول کی گئی کہا
دارقطنی نے عمرو بن ثابت اس سے متفرد ہوا ہے اور کہا یحییٰ نے وہ ثقہ
ہے اور نہ امین ہے اور کہا ابن حبان نے موضوعات روایت کرتا
حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پانچ سجدے کیے اونمین رکوع نہ تھا
فرمایا میرے پاس جبرائیل آیا کہا اونے اللہ تعالے فاطمہ کو دوست
رکھتا ہی پس مین سجدہ کیا پھر مینے سر اوٹھایا پھر میرے پاس آیا کہا اللہ
تعالے فاطمہ کو دوست رکھتا ہی پس مینے سجدہ کیا پھر میرے پاس آیا اور
کہا اللہ تعالے فاطمہ کو دوست رکھتا ہے پس مینے سجدہ کیا

اتانی فقال ان اللہ یحب الحسن و الحسین فسجدت
ثم اتانی فقال ان اللہ یحب من یحبہما فسجدت
ثم اتانی فقال ان اللہ یحب من یحبہما فسجدت
قال ابن عدی باطل و کذب بارد حدیث من احب
فلیحب علیا و من احب علیا فلیحب فاطمۃ و من احب فاطمۃ
فلیحب الحسن و الحسین و ان اہل الجنۃ لیتباشرون
و یسارعون الی رؤیتہم ینظرون الیہم محبتہم
ایمان و بغضہم نفاق و من ابغض احدا من اہل
بیتی فقد حرم شفاعتی فاننی نبی مکرم بعثنی
اللہ بالصدق فاحبوا اہلی و احبوا علیا قال ابن
عدی باطل و فی اسنادہ و اسناد الذی قبلہ عبد
اللہ بن حفص و ہو الواضع لہما حدیث
ان ال محمد شجرۃ النبوۃ و ال الرحمۃ و موضع الرسالۃ
ہو موضوع و فی اسنادہ متروکان بمرۃ حدیث
انہ صلی اللہ علیہ و الہ و سلم قال لعلی ادن منی
اضع جسمک فی جسمی یا علی خلقت انا و انت من
شجرۃ انا اصلہا و انت فرعہا و الحسن و الحسین
اغصانہا من تعلق بغصن منہا ادخلہ اللہ الجنۃ
یا علی لو ان امتی صاموا حتی یکونوا کالحنایا
و صلوا حتی یکونوا کالاوتار ثم ابغضوک کبہم
اللہ علی وجوہہم فی النار قال ابن عدی ہذا لا
یرویہ غیر عثمان بن عبد اللہ الشامی و لہ احادیث
موضوعۃ حدیث من ابغضنا اہل البیت
حشرہ اللہ یہودیا قلت یا رسول اللہ و ان صلی و
صام و زعم انہ مسلم قال نعم و ان صلی و صام و

پہر میرے پاس آیا اور کہا اللہ تعالی حسن اور حسین کو دوست رکہتا ہی
پس مینے سجدہ کیا پہر میرے پاس آیا اور کہا اللہ تعالی دوست رکہتا
ہے اوس شخص کو جو ان دونون کو دوست رکہتا ہی پس مینے سجدہ کیا
پہر میرے پاس آیا اور کہا اللہ تعالی دوست رکہتا ہی اوس شخص کو
جو انکو دوست رکہتا ہی پس مینے سجدہ کیا۔ کہا ابن عدی نے باطل ہے
اور کذب فاحش ہی حدیث جو شخص مجہی دوست رکہتا ہو تو چاہیے کہ علی کو دوست
رکہے اور جو شخص علی کو دوست رکہے تو چاہیے کہ فاطمہ کو دوست رکہے اور جو
شخص فاطمہ سے محبت رکہے تو چاہیے کہ حسن اور حسین سے دوستی رکہے اور اہل
جنت ایک دوسرے کو بشارت دینگے اور انکو دیکہنے کی طرف جلدی کرینگے
اونکی طرف دیکہینگے محبت انکی ایمان اور بغض ان کا نفاق ہی اور
جو شخص کسی سے میرے اہل بیت سے بغض رکہیگا وہ میری شفاعت سے محروم رہیگا
مین نبی مکرم ہون مجہے اللہ تعالی نے صدق دیکر بہیجا ہی پس میرے اہل کو
دوست رکہو اور علی کو دوست رکہو۔ کہا ابن عدی نے باطل ہی اور اسکی اسناد
مین اور پہلی اسناد مین عبد اللہ بن حفص ہے اور یہی ان دونوں کا واضع ہے حدیث
آل محمد کی نبوت کا درخت ہے اور آل رحمت کی ہی اور رسالت کی جگہ ہی یہ موضوع
ہی اور اسکی اسناد مین دو متروک ہین حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم
نے علی کو فرمایا میرے نزدیک ہو تاکہ تیرا جسم اپنے جسم مین رکہون اے علی مین اور تو
ایک درخت سے پیدا کیے گئے ہین مین اسکا اصل ہون اور تو اوسکی فرع ہے
اور حسن اور حسین اوسکی ٹہنیان ہین جو شخص کسی ٹہنی سے متعلق ہوا اوسکو
اللہ تعالی جنت مین داخل کریگا اے علی اگر میری امت روزے رکہے تاکہ
کمان کی طرح ہو جاے اور نماز پڑہے تاکہ تانت کی طرح ہو جاے پہر تجہ سے بغض رکہین
اونکو اللہ تعالی منہ کے بل آگ مین ڈالیگا۔ کہا ابن عدی نے اس حدیث کو
سوائے عثمان بن عبد اللہ شامی کے کوئی روایت نہین کرتا اور اسکی واسطے احادیث
موضوعہ ہین حدیث جو میرے اہل بیت سے بغض رکہیگا اوسکو اللہ تعالی
یہودی اٹہائیگا مینے کہا یا رسول اللہ اگرچہ نماز پڑہے اور روزہ رکہے

زعم انه مسلم الخ قال العقيلي لا اصل له وفي اسناده
شريف المكي غال في الرفض وقال ابن حبان دخلت
مع ابي على جعفر بن محمد فحدثه ابي بهذا الحديث
عن ابيه محمد بن علي الباقر فقال ما كنت اری
ان ابي حدث بهذا الحديث حديث ان
شيعتنا يخرجون من قبورهم يوم القيمة على
ما بهم من الذنوب والعيوب كالقمر ليلة البدر الخ
هو موضوع وفي اسناده من لا يحتج به حديث
اشتد غضب الله على من اهرق دمي واذاني
في عترتي قال في المختصر هو موضوع حديث
اربعة انا لهم شفيع يوم القيمة المكرم لذريتي
والقاضي لهم حوائجهم والساعي لهم امورهم ما
اضطروا اليه والمحب لهم بقلبه ولسانه هو
موضوع كما قال في المختصر حديث يا علي اذا
كان يوم القيمة اخذت بحجزة الله واخذت
انت بحجزتي واخذ ولدك بحجزتك واخذت
شيعة ولدك بحجزهم قال في المختصر موضوع
حديث اهل بيتي كالنجوم بايهم اقتديتم
اهتديتم قال في المختصر هو من نسخة نبيط الكذاب
حديث كل بني ادم ينتمون الى عصبة ابيهم الا
ولد فاطمة فاني انا ابوهم وانا عصبتهم قال في
المقاصد فيه ارسال وضعف ولكن له شاهد عن
جابر رفعه ان الله جعل ذرية كل نبي في صلبه وان
الله جعل ذريتي في صلب علي وبعضها يقوي بعضا
وقال ابن الجوزي انه لا يصح حديث لو عاش ابراهيم

اور مسلمانی کا دعوی کرے الخ کہا عقیلی نے اسکا کچھہ اصل نہین ہے اور
اسکی اسناد مین شریف المکی ہے جو رفض مین غلو کرتا ہے اور کہا ابن حبان
نے مین اپنے باپ کے ساتھہ جعفر بن محمد پر داخل ہوا میرے باپ نے اسکو یہ حدیث
اوسکے باپ محمد بن علی الباقر سے سنائی کہا اوسنے مین نہین گمان کرتا کہ
میرے باپ نے یہ حدیث بیان کی ہو حدیث قیامت کے دن ہمارا گروہ باوجود
ساتھہ گناہون اور عیبون کے ہونگے اپنی قبرون سے چودھوین رات کے چاند
کی طرح نکلین گے الخ یہ موضوع ہے اور اسکی اسناد مین وہ شخص ہے جو
حجت پکڑنے کے لائق نہین حدیث سخت ہوتا ہے غضب اللہ کا اوس
شخص پر جو میرا خون گرائے اور مجھے میری اولاد مین ایذا دے کہا مختصر
مین یہ موضوع ہے حدیث چار آدمیون کا مین قیامت کے دن
شفیع ہون میری اولاد کی تعظیم کرنیوالا اور اونکی حاجتین پورا کرنیوالا
اور اونکے امور مین کوشش کرنیوالا جسکی طرف وہ مضطر ہون اور دل
اور زبان سے اونسے محبت رکھنے والا یہ موضوع ہے جیسا کہ مختصر مین
کہا ہے حدیث اے علی جب قیامت کا دن ہوگا مین اللہ تعالی کی
کمر پکڑون گا۔ اور تو میری کمر پکڑیگا۔ اور اولاد تیری تیری کمر پکڑیگی
اور تیری اولاد کا گروہ اونکی کمر پکڑے گا۔ کہا مختصر مین موضوع ہے
حدیث میرے اہل بیت ستارون کی مثل ہین اونمین سے
جس کسی کے ساتھہ تم اقتدا کروگے ہدایت پاؤگے کہا مختصر مین
یہ نسخہ نبیط کذاب سے ہے حدیث ہر بنی آدم اپنے باپ کی
طرف منسوب ہوتا ہے مگر اولاد فاطمہ کی مین اونکا باپ ہون اور مین
اونکا عصبہ ہون۔ کہا مقاصد مین اسمین ارسال اور ضعف ہے
لیکن اسکے لیے ایک شاہد مرفوع جابر سے ہے کہ اللہ تعالی نے اولاد
ہر نبی کی اوسکی پیٹھہ مین کی ہے اور میری اولاد اللہ تعالی نے
علی کی پیٹھہ مین کی ہے۔ بعض بعض کو قوی کرتی ہے اور
کہا ابن جوزی نے یہ صحیح نہین حدیث اگر ابراہیم جیتا رہتا

لكان نبيا قال النووي ما روي عن بعض المتقدمين
لو عاش ابرهيم الخ فباطل وجسارة على الغيب وقال ابن
عبد البر لا ادري ما هذا فقد ولد نوح غير نبي و
قال ابن حجر لا يلزم من الحديث المذكور ما ذكره لما لا يخفى
وكانه سلف النووي وهو عجيب من النووي مع وروده عن
ثلاثة من الصحابة وكانه لم يظهر له تاويله فان
الشرطية لا تستلزم الوقوع ولا يظن بالصحابي
الهجوم على مثله بالظن **حديث** ان الله
يقول لك تزوج ابنة ابي بكر فمضى عليه فقال
يا ابا بكر ان الله امرني ان اتزوج هذه الجارية و
هي عائشة فتزوجها قال الخطيب رجاله ثقات
غير محمد بن الحسن الازهري ونراه من عمله وقال
في الميزان هذا اكذب **قول** عائشة اسقطت
من النبي صلى الله عليه وآله وسلم فسماه عبد الله
وكانت تكنى ام عبد الله هو موضوع **حديث**
يا عائشة انت اطيب من اللبن بالتمر وفي لفظ
انت احب الي من الزبد بالعسل قيل لا يصح وفي اسناده
رجلان ليسا بشيء **حديث** خذوا شطر
دينكم من الحميرا قال ابن حجر لا اعرف له اسنادا
ولا رايته في شيء من كتب الحديث الا في نهاية
ابن الاثير والا في الفردوس بغير اسناد وسئل المزي
والذهبي فلم يعرفاه كذا في المقاصد **حديث**
ان عائشة كانت تقول للنبي صلى الله عليه و
آله وسلم كيف حبك لي فيقول كعقد الحبل
قالت فكنت اقول له كيف العقدة فيقول على

تو نبی ہوتا کہا نووی نے یہ جو بعض متقدمین سے مروی ہے کہ اگر ابراہیم
زندہ رہتا الخ پس باطل ہے اور غیب پر (کسی نے) دلیری کی ہے اور کہا
ابن عبد البر نے میں نہیں جانتا یہ کیا ہے اسلیے کہ نوح نے غیر نبی جنا
ہے اور کہا ابن حجر نے اس حدیث مذکور سے جو اوسنے ذکر کیا ہے لازم نہیں
آتا جیسا کہ پوشیدہ نہیں ہے گویا نووی نے سب سے پہلے کہا ہے اور نووی سے بڑا
تعجب ہے حالانکہ یہ تین اصحابوں سے مروی ہے گویا اسکیلیے اسکی تاویل ظاہر
نہیں ہوئی اسلیے کہ شرط وقوع کو لازم نہیں پکڑتی ہے اور صحابی بھی
ایسی مثل پر ظن سے ہجوم نہیں کر سکتا **حدیث** اللہ تعالیٰ تجھے کہتا
ہے کہ ابو بکر کی لڑکی نکاح کر پس آنحضرت اوسپر گذرے اور کہا اے ابا بکر
اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ تیری لڑکی نکاح کروں اور وہ عائشہ ہے
پس آنحضرت نے اوسکو نکاح کر لیا کہا خطیب نے راوی اسکے ثقہ ہیں سوائے
محمد بن الحسن الازہری کے اور یہ ہم اسکا کام دیکھتے ہیں اور کہا میزان
میں یہ کذب ہے **قول** عائشہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک لڑکا جنا
اوسکا نام آپ نے عبد اللہ رکھا اور عائشہ کی کنیت ام عبد اللہ تھی
یہ موضوع ہے **حدیث** اے عائشہ تو کھجوروں سے جو دودھ میں ملی
ہوں پاکیزہ ہے اور ایک روایت میں ہے تو میرے نزدیک اس شہد
سے جسمیں مکھن ہو زیادہ محبوب ہے کہا گیا ہے صحیح نہیں اور اسکی اسناد
میں دو آدمی ہیں وہ کچھ شی نہیں **حدیث** نصف دین حمیرا سے اخذ کرو
کہا ابن حجر نے میں اسکی اسناد نہیں جانتا اور میں نے اسکو کسی کتب حدیث
میں نہیں دیکھا مگر نہایہ ابن اثیر اور فردوس میں سوائے اسناد کے
اور مزی اور ذہبی سے سوال ہوا پس اوسکو ان دونوں نے نہ معلوم کیا ایسا
ہی مقاصد میں ہے **حدیث** عائشہ نبی صلی اللہ
علیہ وسلم کو کہتی تھی آپ کی محبت میرے ساتھ کیسی ہے
فرماتے رسی کی گنڈھ کی طرح کہا عائشہ نے پھر میں پوچھتی
تھی اب عقدہ کس طرح ہے فرماتے تھے اوسی حال پر ہے

حالها قال في الذيل هو حديث باطل **حديث**
انه قيل لابي ايوب الانصاري عند منصرفه من
صفين يا ابا ايوب ان الله اكرمك بكذا و كذا
ثم جئت بسيفك على عاتقك لتضرب اهل لا
اله الا الله فقال ما هذا ان الرائد لا يكذب اهله
وان رسول الله صلى الله عليه و اله وسلم امرنا بقتال
ثلثة مع علي امرنا بقتال الناكثين و القاسطين و
المارقين فاما الناكثون فقد قاتلناهم يوم
الجمل طلحة و الزبير و اما القاسطون فهذا منصرفنا
من عندهم يعني معاوية و عمرو و اما المارقون فهم
اهل الطرفاوات و اهل السقيفات و اهل النهروانات
و الله ما ادري اين هم و لكن لا بد من قتلهم ان
اراد الله وسمعت رسول الله صلى الله عليه و اله
وسلم يقول لعمار يا عمار تقتلك الفئة الباغية
وانت اذ ذاك مع الحق والحق معك يا عمار بن
ياسر ان رايت عليا قد سلك واديا وسلك
الناس واديا غيره فاسلك مع علي الخ قال ابن
الجوزي هو موضوع وفي اسناده المعلى بن عبد الرحمن
وهو وضاع وفيه ايضا ان ابا ايوب الانصاري
لم يشهد صفين و قد روي من طريق اخر فيهما
وضاع وله طريق اخر رواها الحاكم في الاربعين
ورواه ايضا الطبراني والخطيب وغيرهما مقتصرا
على اول الحديث واما حديث يقتل عمارا الفئة الباغية
فهو في صحيح البخاري **حديث** قد رايت عبد الرحمن
بن عوف يدخل الجنة حبوا رواه احمد في اسناده

کہا ذیل مین یہ حدیث باطل ہے **حدیث** جب ابو ایوب انصاری
صفین سے واپس آیا اوسکو کہا گیا ای ابا ایوب اللہ تعالی نے تیری
ایسی ایسی تعظیم کی ہی پہر تو تلوار کو کاندہو پر رکہکر لا اله الا اللہ کہنے
والون کو مارنے کو واسطے آیا ہی کہا اوسنے یہ کیا ہی لخت جگر
کبہی اپنے اہل کی تکذیب نہین کرتا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالی
علیہ و سلم نے ہمکو علی کے ساتہہ ملکر تین جنگ کرنیکا حکم دیا ہے
ہمکو بیعت توڑنے والون اور ظالمون اور خارجیون سے جنگ کرنیکا
حکم دیا ہی لیکن بیعت توڑنے والونکے ساتہہ ہمنے جمل کے دن
طلحہ اور زبیر سے جنگ کیا ہی اور لیکن ظالمون کے ساتہہ پس اب ونسے
لوٹ کر آئی ہین یعنی معاویہ اور عمار اور خارجی پس وہ اہل الطرفاوات
اور اہل السقیفات و اہل النہروانات مین ہین قسم اللہ کی مین
نہین جانتا کہ وہ کہان ہین لیکن قتل کرنا اونکا ضروری ہے
اگر اللہ نے چاہا اور مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم سے سنا ہی کہ عمار کو فرماتی
تہے ای عمار تجہی گروہ باغی قتل کریگا اور تو اوسوقت ساتہہ حق کے
ہوگا اور حق تیرے ساتہہ ای عمار بن یاسر اگر تو علی کو دیکہی کہ ایک
وادی کو چلا ہی اور لوگ دوسری وادی کو تو تو علی کے ساتہہ چل الخ
کہا ابن جوزی نے موضوع ہی اور اسکی اسناد مین معلی بن عبد الرحمان ہے اور
وہ وضاع ہی اور بہی اسمین یہ شبہہ ہی کہ ابا ایوب انصاری صفین مین
حاضر نہین ہوا اور دوسرے طریق سے مروی ہے اسمین بہی وضاع ہے
اور اسکے لیے اور طریق ہی اسکو حاکم نے اربعین مین روایت کیا ہے
اور بہی طبرانی اور خطیب وغیرہ نے پہلی حدیث کی اقتصار کیا ہے
اور لیکن حدیث تجہی ای عمار گروہ باغی قتل کریگا یہ صحیح بخاری
مین ہے **حدیث** مینے عبد الرحمان بن عوف
کو دیکہا ہے کہ جنت مین گھٹنون کے بل داخل ہوتا
تہا۔ اسکو احمد نے روایت کیا ہے اس کی اسناد مین

عمارة وهو يروي المناكير وقد قال احمد هذا
الحديث كذب منكر قال ابن حجر لم ينفرد به عمارة
ابن زادان فقد رواه البزار من طريق اغلب بن
تميم واغلب شبيه عمارة بن زادان في الضعف
لكن لم ار من اتهمه بالكذب وقد روي من طريق
اخر فيها متروك وقال النسائي الحديث موضوع
وقال في اللآلي ان رجال اسناد البزار ثقات
وقال المنذري في الترغيب والترهيب ورد من
حديث جماعة من الصحابة ان عبد الرحمن بن عوف
يدخل الجنة حبوا لكثرة ماله ولا يسلم اجودها
من مقال ولا يبلغ شيء منها بانفراده درجة
الحسن انتهى حديث العباس بن عبد المطلب ابي
وامي وصيي ووارثي رواه ابن حبان عن ابن
عباس وفي اسناده جعفر بن عبد الواحد وهو
وضاع حديث عمي العباس حصن فرجه في
في الجاهلية والاسلام فحرم الله بدنه على
النار وولده اللهم هب مسيئهم لمحسنهم هو موضوع
وفي اسناده مجاهيل حديث ان الله اتخذني
خليلا كما اتخذ ابراهيم خليلا ومنزلي ومنزل
ابراهيم في الجنة تجاهين والعباس بيننا
مؤمن بين خليلين رواه العقيلي عن ابن عمر مرفوعا
وهو موضوع وقال ابن عدي ليس لهذا الحديث
اصل عن ثقة وقد اخرجه ابن ماجة حديث
ان جماعة من بني هاشم سالوا النبي صلى الله
عليه واله وسلم ان يحولوا الكتابة من معوية

عمارہ ہی اور یہ مناکیر روایتین بیان کرتا ہی اور کہا احمد نے یہ
حدیث کذب منکر ہے کہا ابن حجر نے اس عمارہ بن زادان
ہی منفرد نہین ہوا بلکہ بزار نے طریق اغلب بن تمیم سے روایت
کیا ہی اور اغلب ضعف مین مشابہ عمارہ بن زادان کے ہے لیکن
مین نہین جانتا کہ کسی نے اسکو کذب سے متہم کیا ہو اور دوسرے طریق
سے بھی مروی ہے اسمین متروک ہی اور کہا نسائی نے یہ حدیث
موضوع ہی اور کہا لآلی مین بزار کی اسناد کے راوی ثقہ ہین اور کہا
منذری نے ترغیب و ترہیب مین یہ حدیث جماعت صحابہ سے وارد ہوئی
ہے کہ عبد الرحمان بن عوف جنت مین گھٹنون کے بل بسبب کثرت
مال کے داخل ہوگا - اور اجود طریق اسکا بھی مقال سے خالی نہین
اور بانفرادہ کوئی شئے اسمین درجہ حسن کو نہین پہونچتی انتہے
حدیث عباس بن عبد المطلب میرا باپ اور چچا اور وصی اور
وارث ہی - اسکو ابن حبان نے ابن عباس سے روایت کیا
ہے اور اسکی اسناد مین جعفر بن عبد الواحد ہی اور وہ وضاع ہے
حدیث میرے چچا عباس نے اپنا فرج جاہلیت اور اسلام مین نگاہ
رکھا ہی پس اللہ تعالے نے اوسکے بیٹو کے بدن کو آگ پر حرام کر دیا
ہے ای اللہ اونکی برائی کو انکی نیکی کے واسطے بخشدے یہ موضوع ہی اور
اسکی اسناد مین مجہول ہین حدیث اللہ تعالے نے مجھکو خلیل بنایا
ہے جیسا کہ اوسنے ابراہیم کو خلیل بنایا ہی - اور میری منزل اور
ابراہیم کی جنت مین ہونگی اور عباس ہمارے درمیان مثل ایماندار
کی ہی درمیان دو خلیلون کے اسکو عقیلی نے ابن عمر سے مرفوعا
روایت کیا ہی اور یہ موضوع ہی اور کہا ابن عدی نے اس حدیث
کا اصل کسی ثقہ سے نہین آیا ہی - اور اسکو ابن ماجہ نے روایت کیا ہے
حدیث ایک جماعت نے بنی ہاشم سے نبی صلی اللہ علیہ
وسلم کو سوال کیا کہ کتابت معاویہ سے لوٹائی جاوے

فنزل الوحی باختیاره و هو موضوع **حدیث**
انه صلی الله تعالی علیه و اله وسلم اخذ القلم
من ید علی فدفعه الی معویة هو موضوع
حدیث اول من یختصم من هذه الامة علی
و معویة موضوع **حدیث** هبط جبرئیل
علی و معه قلم من ذهب ابریز فقال ان العلی
الاعلی یقرئک السلام و یقول لک حبیبی قد
اهدیت هذا القلم من فوق عرشی الی معویة
ابن ابی سفیان فاوصله الیه و مره ان یکتب اية
الکرسی بخطه بهذا القلم و یشکله و یعجمه و
یعرضه علیک فانی قد کتبت له من الثواب
بعدد کل من قرأ اية الکرسی من ساعة تکتبها
الی یوم القیمة الخ هو موضوع و اکثر رجاله
مجاهیل و قد رواه ابن عساکر من وجه اخر قال
